13/01/2026

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ اعجازہ اختر سے خبریں سُن

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے جموں کے کلا کیندر میں کیسر آرٹ سرکل کی گولڈن جوبلی تقریبات سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ روحانی اور ثقافتی جڑوں سے نئے تخلیقی افق تک ، جموں و کشمیر کو آرٹ ہب کے طور پر دوبارہ منظر عام پر لانا ہماری اجتماعی ذمہ داری ہے ۔لیفٹنٹ گورنر نے زور دے کر کہا کہ ہمارے ورثے کی حفاظت مستقبل کی تعمیر کی بنیاد ہے ۔ انہوں نے کہا کہ جموں و کشمیر کو عالمی آرٹ ہب میں تبدیل کرنا ایک مشترکہ ذمہ داری ہے ۔ تقریب میں لیفٹنٹ گورنر نے مشہور مصور اور کیسر آرٹ سرکل کے بانی شری بھوشن کیسر کو اعزاز سے نوازا ۔

انہوں نے فنکاروں ، مفکرین ، مصورین اور مجسمہ سازوں کو معاشرے کا " ضمیر" قرار دیتے ہوئے ان کے اہم کردار پر روشنی ڈالی کہ وہ جمہوریت میں عوامی شرکت اور قوم کی ترقی کے سفر کو آگے بڑھاتے ہیں ۔

مبارک باد

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا ، وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ، نائب وزیر اعلیٰسریندر کمار چودھری ، کابینی وزراءسکینہ ایتو ،جاوید احمد رانا اور ستیش شرما ، جاوید احمد ڈاراور IGP کشمیر وی کے بردی نے لوہڑی اور مکر سنکرانتی کے موقعہ پر عوام کو مبارک باد دی ہے ۔

ایل جی ملاقات

گجر لیڈر شمشیر حقلہ پونچھی نے کل لوک بھون جموں میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کے ساتھ مختلف امور پر بات چیت کی ۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کل جموں میں جائزہ میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے 19 کروڑ روپے سے زائد مالیت کے کئی پروجیکٹوں کا افتتاح کرنے کے علاوہ قریب ساڑھے 13 کروڑ روپے مالیت کے پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھا ۔اس موقعہ پر انہوں نے تمام ترقیاتی پروجیکٹوں کو بر وقت مکمل کرنے کی ہدایت دی ہے ۔

انہوں نے ساتھ ہی ایک Sewerage مشین اور ایمبولنس گاڑی کو CHC Palli Morh کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا ۔

ستیش شرما

کھیل کود اور امور صارفین کے وزیر ستیش شرما نے سوامی وویکانند کے یومِ پیدائش کے موقعے پر کل جموں میں اِندرا گاندھی نیشنل اوپن یونیورسٹی کی جانب سے منعقدہ تقریب کے دوران نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ ملک کی مجموعی تری کے لئے اپنا رول ادا کریں ۔ سوامی وویکانند اکو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے ستیش شرما نے کہا کہ سوامی جی کی تعلیمات پوری دنیا کے نوجوانوں کے لئے مشعلِ راہ ہےں ۔

چیف سیکریٹری

جموں کشمیر کے کُل 18 ہزار 724 سرکاری سکولوں میں سے 18 ہزار 23 سکولوں میں بیت الخلاءکی سہولت موجود ہے ۔اس بات کی جانکاری چیف سیکریٹری اٹل ڈلو کو کل جموں میں متعلقہ محکموں کی ایک میٹنگ میں دی گئی ۔

اس موقعہ پرچیف سیکریٹری نے ہدایت دی کہ باقی ماندہ سکولوں میں بیت الخلاءکی سہولت 15 فروری تک مکمل کی جائے ۔

صوبائی کمشنر

صوبائی کمشنر کشمیر انشل گرگ نے کل جمع بندیوں کی Digitalisation ،Migrant Inventory آن لائن سروسز ، Delivery ،Redressel of Public and Migrant Grievances اور پرائیویٹ کوچنگ سینٹروں کے کام کاج کے بارے میں ایک جائزہ میٹنگ کی صدارت کی ۔

اس موقعہ پر صوبائی کمشنر نے ڈپٹی کمشنروں کو ہدایت دی کہ وہ دہشت پسندی کے شکار لوگوں کے لواحقین کو سرکاری نوکریاں فراہم کرنے سے متعلق زیر التواء SRO 43 کیسوں کا جلد نپٹارا یقینی بنائیں ۔

سیاحت

کشمیر وادی میں موجودہ موسم سرما کے چلتے یہاں کی سرمائی سیاحت پر آنے والے سیلانی برفیلی چوٹیوں کے ساتھ ساتھ دیگر قدرتی مناظر سے لطف اندوز ہوتے ہوئے نظر آ رہے ہےں ۔ محکمہ سیاحت کشمیر کے ڈائریکٹر سید قمر سجاد نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا کہ وادی آنے والے سیاحوں کی تعداد نہایت حوصلہ افزا ہے۔

....

ونٹر جنگل

وادی میں موسم سرما کے چلتے درجہ حرارت میں گراوٹ کے ساتھ ہی گرمی دینے والے آلات کا استعمال بڑھ گیاہے۔

ضرورت اس بات کی ہے کہ ان آلات کے استعمال کے دوران انتہائی احتیاط برتی جائے۔

اطلاع

عوامی مسائل پر مبنی ہفتہ وار پروگرام شہر شہر منظر کے لئے فون کالز کی ریکارڈنگ آج صبح ساڑھے دس بجے سے بارہ بجے تک فون نمبر 0194-2452019 پر ہو رہی ہے ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی4 اعشاریہ 9ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت3اعشاریہ8 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ